SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
August 13, 2021

ایس ای سی پی نے ایمپلا ئز فنڈ ز کے ششماہی گوشوارے کی آن لائن فائلنگ کی سہولت متعارف کروادی

اسلام آباد، (اگست 12): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کی جانب سے ایمپلا ئز کنٹری بیوٹری فنڈز (انوسٹمنٹ اِن لسٹڈ سیکورٹیز) ریگولیشنز 2018 کے تحت ششماہی گوشوارے جمع کروانے کے لئے آن لائن فائلنگ کی سہولت متعارف کروادی ہے۔

ایمپلا ئز کنٹری بیوٹری فنڈز کے ریٹرن کی آن لائن فائلنگ کی سہولت کا آغاز ایس ای سی پی کی ڈیجیٹلائزیشن کے فروغ اور کاروباری آسانیوں کے لئے کی جانے والی اصلاحات کا تسلسل ہے۔ آن لائن فائلنگ کی سہولت سے کمپنیوں کے لئے ریٹرن کی فائلنگ آسان ہو جائے گی جبکہ ایس ای سی پی کے لئے کنٹری بیوٹری فنڈز کے ریکارڈ اور ڈیٹا کی مینجمنٹ آسان ہو گی۔

آن لائن فائلنگ ایس ای سی پی کی ای سروسز کے ذریعے پہلے سے جاری کئے گئے یوزر آئی ڈی کے ساتھ ای سروسز میں لاگ ان ہو کر کی جا سکتی ہے۔ ای سروسز میں پروسیس لسٹنگ کے صفحہ پر ایمپلا ئز کنٹری بیوٹری فنڈ کے ریٹرن کی آن لائن فائلنگ کا پراسس شامل کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ کمپنیاں اور ٹرسٹ 30 جون 2021 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے ذیل میں دئے گئے لنک https://eservices.secp.gov.pk/eServices سے اپنے ریٹرن جمع کروا سکتے ہیں۔